37واں اجلاس

زیرالتواء زیروآور نوٹسز

محکمہ: داخلہ، آبکاری، محصولات

616: محترمہ عظمیٰ کاردار: میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے فوری نوعیت کے معاملے کو زیر بحث لایا جائے جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ روزنامہ "دنیا" مورخہ 5 ستمبر 2021 کی خبر کے مطابق لائسنس نہ نمبر پلیٹ چنگ چی رکشے عذاب بن گئے، کم عمر، اناڑی ڈرائیورز کے سڑکوں پر کرتب، شہریوں کی طرف سے کارروائی کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔ چنگ چی رکشے ڈرائیور نمبر پلیٹ اور لائسنس کے سوال پر سو بہانے بناتے ہیں کسی کے پاس وقت نہیں ، تو کوئی دیہاڑی دار ہونے پر اس کی ذمہ داری مالک پر ڈال دیتے ہیں۔ لہذا مجھے اس مسئلہ پر زیرو آر کے تحت بولنے کی اجازت دی جائے۔

لاہور
18 نومبر 2021

محمد خان بھٹی
سیکرٹری